روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 15/اکتوبر 2008ء 15 شوال 1429 ہجری 15/اخاء 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 235

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ یہ نماز جو اپنے اصلی معنوں میں نماز ہے، دعا سے حاصل ہوتی ہے۔ غیر اللہ سے سوال کرنا مومنانہ غیرت کے صریح اور سخت مخالف ہے، کیونکہ یہ مرتبہ دعا کا اللہ ہی کے لئے ہے۔ جب تک انسان پورے طور پر خفیف ہو کر اللہ تعالیٰ ہی سے سوال نہ کرے اور اسی سے نہ مانگے۔ سچ سمجھو کہ وہ حقیقی طور پر.......... سچا مومن کہلانے کا مستحق نہیں.......... کی حقیقت ہی یہ ہے کہ اس کی تمام طاقتیں اندرونی ہوں یا بیرونی، سب کی سب اللہ تعالیٰ ہی کے آستانہ پر گری ہوئی ہوں۔ جس طرح پر ایک بڑا انجن بہت سے کلوں کو چلاتا ہے۔ پس اسی طور پر جب تک انسان اپنے ہر کام اور ہر حرکت و سکون کو اسی انجن کی طاقت عظمیٰ کے ماتحت نہ کر لیوے وہ کیونکر اللہ تعالیٰ کی الوہیت کا قائل ہو سکتا ہے (۔) جیسے منہ سے کہتا ہے، ویسے ہی ادھر کی طرف متوجہ ہو تو لاریب وہ...... مومن اور حنیف ہے، لیکن جو شخص اللہ تعالیٰ کے سوا غیر اللہ سے سوال کرتا ہے اور ادھر بھی جھکتا ہے، وہ یاد رکھے کہ بڑا ہی بدقسمت اور محروم ہے کہ اس پر وہ وقت آ جانے والا ہے کہ وہ زبانی اور نمائشی طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف نہ جھک سکے۔

ترک نماز کی عادت اور کسل کی ایک وجہ یہ بھی ہے کیونکہ جب انسان غیر اللہ کی طرف جھکتا ہے، تو روح اور دل کی طاقتیں اس درخت کی طرح (جس کی شاخیں ابتداءً ایک طرف کر دی جاویں اور اس طرف جھک کر پرورش پالیں) ادھر ہی جھکتا ہے اور خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک سختی اور تشدد اس کے دل میں پیدا ہو کر اسے منجمد اور پتھر بنا دیتا ہے۔ جیسے وہ شاخیں۔ پھر دوسری طرف مڑ نہیں سکتا۔ اسی طرح پر وہ دل اور روح دن بدن خدا تعالیٰ سے دور ہوتی جاتی ہے۔ پس یہ بڑی خطرناک اور دل کو کپکپا دینے والی بات ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر دوسرے سے سوال کرے۔ اسی لئے نماز کا التزام اور پابندی بڑی ضروری چیز ہے، تاکہ اولاً وہ ایک عادت راسخہ کی طرح قائم ہو اور رجوع الی اللہ کا خیال ہو۔ پھر رفتہ رفتہ وہ وقت خود آ جاتا ہے جبکہ انقطاع کلی کی حالت میں انسان ایک نور اور ایک لذت کا وارث ہو جاتا ہے۔..........

پس خوب یاد رکھو! اور پھر یاد رکھو! کہ غیر اللہ کی طرف جھکنا خدا سے کاٹنا ہے۔ نماز اور توحید کچھ ہی کہو، کیونکہ توحید کے عملی اقرار کا نام ہی نماز ہے۔ اس وقت بے برکت اور بیسود ہوتی ہے جب اس میں نیستی اور تذلل کی روح اور حنیف دل نہ ہو۔..........

بے شک اصل اور سچ یونہی ہے۔ جب تک انسان کامل توحید پر کاربند نہیں ہوتا، اس میں.......... کی محبت اور عظمت قائم نہیں ہوتی اور پھر میں اصل ذکر کی طرف رجوع کر کے کہتا ہوں کہ نماز کی لذت اور سرور اسے حاصل نہیں ہو سکتا مدار اسی بات پر ہے کہ جب تک برے ارادے، ناپاک اور گندے منصوبے بھسم نہ ہوں۔ انانیت اور شیخی دور ہو کر نیستی اور فروتنی نہ آئے، خدا کا سچا بندہ نہیں کہلا سکتا اور عبودیت کاملہ کے سکھانے کے لئے بہترین معلم اور افضل ترین ذریعہ نماز ہی ہے۔

میں پھر تمہیں بتلاتا ہوں کہ اگر خدا تعالیٰ سے سچا تعلق حقیقی ارتباط قائم کرنا چاہتے ہو، تو نماز پر کاربند ہو جاؤ اور ایسے کاربند بنو کہ تمہارا جسم نہ تمہاری زبان بلکہ تمہاری روح کے ارادے اور جذبے سب کے سب ہمہ تن نماز ہو جائیں۔

(ملفوظات جلد اول ص106)

دروازے پہ نہر

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ اگر کسی کے دروازے کے پاس سے نہر گزر رہی ہو اور وہ اس میں دن میں پانچ بار نہائے تو اس کے جسم پر کوئی میل رہ جائے گی؟ صحابہؓ نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! کوئی میل نہیں رہے گی۔ آپؐ نے فرمایا۔ یہی مثال پانچ نمازوں کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ گناہ معاف کرتا ہے اور کمزوریاں دور کر دیتا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب مواقیت الصلٰوۃ باب الصلوات الخمس کفارہ حدیث نمبر 497)

جرمنی سے حضور انور کے خطابات

۞ سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ان دنوں دورۂ یورپ پر تشریف لے گئے ہیں۔ احباب جماعت اپنے جان سے پیارے آقا کو ہمہ وقت اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ ہر آن پیارے آقا کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے دورہ کے ایم ٹی اے پر لائیو نشر ہونے والے پروگرام کی تفصیل پاکستانی وقت کے مطابق درج ذیل ہے۔

16/اکتوبر 2008ء

لائیو نشریات کا آغاز	9:30 بجے رات
خطاب بر موقع افتتاح بیت برلن	10:30 بجے رات

17/اکتوبر 2008ء

لائیو نشریات کا آغاز	5:30 بجے شام
خطبہ جمعہ	6:00 بجے شام

احباب جماعت حسب پروگرام استفادہ فرمائیں۔
(نظارت اشاعت)

سالانہ اجتماع انصار اللہ کا التواء

۞ مجلس انصار اللہ پاکستان کا سالانہ اجتماع مورخہ 26,25,24/اکتوبر 2008ء حکومت کی طرف سے تا حال اجازت نہ ملنے کی وجہ سے ملتوی کیا جاتا ہے۔ ان تاریخوں میں یہ اجتماع نہیں ہوگا۔ ضلعی عہدیداران جملہ مجالس کو یہ اطلاع پہنچا دیں۔
(قائد عمومی مجلس انصار اللہ ربوہ پاکستان)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔ (مینیجر الفضل)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

17/اکتوبر 2008ء

6-00 am	تلاوت، درس، خبریں
7-20 am	دورہ حضور انور
7-30 am	لقاء مع العرب
8-35 am	المائدہ
9-00 am	شمائل نبوی ﷺ
9-40 am	ترجمۃ القرآن
10-55 am	مشاعرہ
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-05 pm	چلڈرن کلاس
2-15 pm	سرائیکی سروس
3-00 pm	اردو ملاقات پروگرام
4-05 pm	انڈونیشین سروس
5-05 pm	سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
6-00 pm	خطبہ جمعہ براہ راست
7-30 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
8-25 pm	بنگلہ پروگرام
9-20 pm	سیرت صحابہ رسول ﷺ
10-00 pm	خطبہ جمعہ
11-20 pm	انٹرویو

18/اکتوبر 2008ء

12-00 am	فرنچ پروگرام
12-30 am	عربی سروس
2-35 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-10 am	خطبہ جمعہ
4-20 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
4-55 am	اردو ملاقات پروگرام
6-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-25 am	لقاء مع العرب
8-45 am	خطبہ جمعہ
9-55 am	انٹرویو
10-25 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
10-55 am	اردو ملاقات
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-00 pm	چلڈرن کلاس
2-00 pm	سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
3-30 pm	آرٹ کلاس
4-00 pm	انڈونیشین سروس
5-00 pm	فرنچ سروس
6-00 pm	تلاوت، خبریں
7-00 pm	بنگلہ پروگرام
8-00 pm	انتخاب سخن
9-00 pm	چلڈرن کلاس
10-00 pm	مشاعرہ
11-00 pm	سوال وجواب

19/اکتوبر 2008ء

12-30 am	عربی سروس
2-35 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-05 am	چلڈرن کلاس
4-10 am	آرٹ کلاس
4-35 am	سیرت صحابہ رسول ﷺ
4-55 am	خطبہ جمعہ
6-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-00 am	سیرت رفقاء حضرت مسیح موعود
8-45 am	خطبہ جمعہ
9-45 am	مشاعرہ
10-35 am	سوال وجواب
11-30 am	آرٹ کلاس
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-05 pm	گلشن وقف نو
2-15 pm	دی کیسا لوما
2-45 pm	عربی سیکھئے
3-05 pm	دورہ حضور انور
4-00 pm	انڈونیشین سروس
5-00 pm	سپینش سروس
6-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-00 pm	بنگلہ سروس
8-00 pm	خطبہ جمعہ
9-05 pm	گلشن وقف نو
10-10 pm	عربی سیکھئے
10-35 pm	دورہ حضور انور
11-25 pm	سوال وجواب

20/اکتوبر 2008ء

12-30 am	عربی سروس
2-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-05 am	گلشن وقف نو
4-10 am	عربی سیکھئے
4-30 am	دورہ حضور انور
5-20 am	سیرت النبی ﷺ
6-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-00 am	دی کیسا لوما
7-30 am	لقاء مع العرب
8-40 am	خطبہ جمعہ
9-45 am	عربی سیکھئے
10-10 am	سوال وجواب
11-25 am	سیرت النبی ﷺ
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-10 pm	چلڈرن کلاس
2-00 pm	فرنچ کلاس
2-45 pm	فرنچ سروس
4-00 pm	انڈونیشین سروس
5-15 pm	طب وصحت
6-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-35 pm	بنگلہ پروگرام
8-30 pm	خطبہ جمعہ
9-30 pm	تقریر جلسہ سالانہ
10-05 pm	چلڈرن کلاس
11-00 pm	فرنچ ملاقات

21/اکتوبر 2008ء

12-00 am	طب وصحت
12-35 am	عربی سروس
1-35 am	لقاء مع العرب
2-45 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-15 am	چلڈرن کلاس
4-15 am	خطبہ جمعہ
5-15 am	تقریر جلسہ سالانہ
6-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-10 am	فرنچ پروگرام
7-35 am	لقاء مع العرب
8-45 am	خطبہ جمعہ
9-30 am	فرنچ ملاقات
11-15 am	طب وصحت
12-00 pm	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
1-00 pm	گلشن وقف نو
2-15 pm	سوال وجواب
3-20 pm	ماڈرن میڈیا
4-00 pm	انڈونیشین سروس
5-00 pm	سندھی سروس
5-25 pm	سفر بذریعہ ایم ٹی اے
6-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-00 pm	بنگلہ پروگرام
8-05 pm	جلسہ سالانہ قادیان
9-00 pm	گلشن وقف نو
10-15 pm	سوال وجواب
11-25 pm	انتخاب سخن

22/اکتوبر 2008ء

12-30 am	عربی سروس
1-30 am	خطبہ جمعہ
2-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-05 am	گلشن وقف نو
4-15 am	جلسہ سالانہ قادیان
5-15 am	ماڈرن میڈیا
6-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-00 am	عربی سیکھئے
7-30 am	لقاء مع العرب
8-35 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
9-05 am	سوال وجواب
10-10 am	ماڈرن میڈیا
11-00 am	جلسہ سالانہ قادیان
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-10 pm	گلشن وقف نو
2-10 pm	سیرت حضرت مسیح موعود
2-30 pm	آرٹ کلاس
3-05 pm	سوال وجواب
4-05 pm	انڈونیشن سروس
5-05 pm	سواحیلی مذاکرہ
6-00 pm	تلاوت، خبریں
7-00 pm	بنگلہ پروگرام
8-00 pm	خطبہ جمعہ
9-05 pm	جلسہ سالانہ
10-55 pm	گلشن وقف نو
11-00 pm	خلافت جوبلی کوئز
11-25 pm	سوال وجواب

23/اکتوبر 2008ء

12-30 am	عربی سروس
1-30 am	لقاء مع العرب
2-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
3-05 am	گلشن وقف نو
4-00 am	تقریر جلسہ سالانہ
4-30 am	آرٹ کلاس
5-00 am	خطبہ جمعہ
6-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-05 am	ہماری کائنات
7-40 am	لقاء مع العرب
8-40 am	آرٹ کلاس
9-10 am	سیرت حضرت مسیح موعود
10-45 am	خلافت جوبلی کوئز
11-30 am	تقریر جلسہ سالانہ
12-05 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-10 pm	گلشن وقف نو
2-25 pm	انگلش ملاقات
3-35 pm	دورہ حضور انور
4-00 pm	انڈونیشین سروس
5-15 pm	شمائل نبوی ﷺ
5-50 pm	پشتو سروس
6-00 pm	تلاوت، خبریں
7-05 pm	بنگلہ پروگرام
8-05 pm	المائدہ
8-45 pm	ترجمۃ القرآن کلاس
9-55 pm	شمائل نبوی ﷺ
10-30 pm	انگلش ملاقات
11-40 pm	مشاعرہ

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی شہرہ آفاق کتاب ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل کی روشنی میں

ہومیو پیتھی طریقہ علاج اور قریبی دواؤں میں مابہ الامتیاز

اہم اور معروف بیماریوں میں استعمال ہونے والی ہومیو ادویات کا آپس میں تعلق اور حیرت انگیز موازنہ

ہومیو ڈاکٹر پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

پتے کی پتھری

چیلی ڈونیم۔ بربرس

چیلی ڈونیم پتے کی پتھری میں بھی مفید ہے۔ اس کا درد پیچھے کمر کی طرف پھیل جاتا ہے جبکہ بربرس کے مریض کا درد چاروں طرف پھیلتا ہے۔ (صفحہ:276)

پتے کی پتھری میں چیلی ڈونیم (Chelidonium) بھی بہت مفید ہے۔ اس کا درد پیچھے کمر کی طرف پھیل جاتا ہے جبکہ بربرس (Berberis) کے مریض کا درد چاروں طرف پھیلتا ہے۔ (صفحہ:840)

پتے کی تکلیف کے ساتھ پیشاب میں شوگر

ارجنٹم میٹیلیکم۔ کالی کارب

اگر پتے کی تکلیف کے ساتھ پیشاب میں شوگر آئے اور پیشاب کی رنگت لسی سے ملتی جلتی ہو اور مقدار میں بہت زیادہ ہو تو ان علامات میں خصوصی دوا ارجنٹم میٹیلیکم ہے۔ کالی کارب کے مریض میں بھی پتہ کی تکلیف اکثر ذیابیطس کی وجہ سے ہی ہوتی ہے۔ مثانہ بہت حساس ہو جاتا ہے۔ اور ذرا سا بھی دباؤ برداشت نہیں کرسکتا۔ (صفحہ:840)

پسینہ

سلیشیا۔ کلکیریا کارب۔ رسٹاکس

کبھی سلیشیا کے مریض کا نچلا دھڑ خشک ہوتا ہے اور اوپر کے دھڑ پر ٹھنڈا پسینہ آتا ہے۔ کلکیریا کارب سے فرق یہ ہے کہ کلکیریا کارب میں اوپر کے سارے بدن پر نہیں بلکہ صرف سر پر بہت زیادہ پسینہ آتا ہے۔ رسٹاکس میں اوپر کے بدن پر پسینہ آتا ہے لیکن سر پر بالکل نہیں آتا۔ (صفحہ:755)

بچے کی پیدائش کے بعد اگر پلیسنٹا اندر ہی رہ جائے

سیپیا۔ پلسٹیلا۔ سلفر۔ پائروجینم

بچے کی پیدائش کے بعد اگر پلیسنٹا (Placenta) یعنی بچہ دانی کی جھلی اندر ہی رہ جائے تو بہت گہری تکلیفیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اگر اس میں پلسٹیلا کام نہ کرے تو سیپیا دوا ہو سکتی ہے لیکن پلسٹیلا اور سیپیا اس وقت تک مفید ہیں جب تک نظام خون کے اندر زہر داخل نہ ہوگیا ہو۔ جب خون میں زہر داخل ہو جائے تو سلفر اور پائروجینم کا آزمودہ نسخہ بہترین ثابت ہوتا ہے۔ یہ دونوں 200 کی طاقت میں ملا کر فوراً دینی چاہئیں۔ (صفحہ:748)

پیٹ میں ہوا

لیکسس۔ سورائینم

لیکسس پیٹ کی ہوا کے لئے بھی مفید ہے۔ اس کے مریض کا پیٹ ہوا سے تن جاتا ہے۔ اگر یہ معلوم کرلیا جائے کہ مریض کا مزاج کسی دوا کا مطالبہ کرتا ہے تو صحیح معنوں میں اس کی مرضی پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ سرد موسم میں مریض بہت ٹھنڈا ہو اور پیٹ میں ہوا بھی ہو جائے تو سورائینم مفید ہے۔ رکی ہوئی ہوائیں جاری ہو جاتی ہیں لیکن ان میں سخت بدبو ہوتی ہے۔ لیکسس میں بھی ہوا خارج ہونے سے پیٹ کا تناؤ کم ہو جاتا ہے لیکن ہوا میں بدبو نہیں ہوتی۔ (صفحہ:552)

پیٹھ میں سردی کا احساس

کالی بائیکروم۔ کالی کارب

کالی بائیکروم میں کالی کارب اور اپی کاک کی طرح پیٹھ میں سردی کا احساس ہوتا ہے البتہ کالی کارب میں سردی کا یہ احساس پیٹھ کے نچلے حصہ تک محدود رہتا ہے جبکہ کالی بائیکروم میں اپی کاک کی طرح گردن تک سردی کی لہریں جاتی ہیں۔ (صفحہ:493)

پیچش

للیئم ٹگ۔ مرک کار

للیئم ٹگ میں ایک علامت مرک کار سے ملتی ہے۔ مثلاً پیچش ایسی کہ فارغ ہونے کے بعد بھی بے چینی اور درد جاری رہیں۔ مرک کار میں جب تکلیف ہو تو یہ احساس رہتا ہے کہ فارغ ہونے کے باوجود کچھ اجابت باقی رہ گئی ہے۔ لیکن للیئم ٹگ میں اجابت کے بعد بھی ہر وقت یہ احساس رہتا ہے کہ اسے حاجت کے لئے ٹائلٹ جانے کی ضرورت ہے۔ مرک کار کی طرح اس میں بھی پیشاب کرنے کے باوجود جلن محسوس ہوتی ہے۔ (صفحہ:566)

بار بار پیشاب کی حاجت

کالی کارب۔ کالی فاس

مثانے کے نزلہ میں اگر بار بار پیشاب کی حاجت ہو تو بعض صورتوں میں کالی کارب کی بجائے کالی فاس سے فائدہ ہوتا ہے لیکن کالی فاس میں دن کے وقت تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد حاجت ہوتی ہے جبکہ کالی کارب میں رات سونے کے بعد مریض بار بار پیشاب کے لئے اٹھتا ہے۔ خصوصاً رات کو تین چار بجے تکلیف میں بہت اضافہ ہو جاتا ہے۔ (صفحہ:498)

پیشاب کی علامت

زنکم۔ کاسٹیکم

زنک کا مریض کھڑے ہو کر پیشاب نہیں کرسکتا اسے بیٹھ کر کھل کر پیشاب آتا ہے۔ اس کے برعکس کاسٹیکم کا مریض صرف کھڑے ہو کر پیشاب کرسکتا ہے، بیٹھنے پر اس کا پیشاب بالکل بند ہو جاتا ہے یا رک رک کر آتا ہے اور بعض مریضوں کو پیشاب جاری کرنے کے لئے پیچھے کی طرف کھینچنا پڑتا ہے۔ (صفحہ:807)

پیشاب میں جلن

کینتھرس۔ کیکٹس

کینتھرس میں بھی پیشاب میں بہت جلن ہوتی ہے۔ قطرہ قطرہ آگ کی طرح جلتا ہوا پیشاب آتا ہے۔ کیکٹس میں اس جلن کے ساتھ تشنج بھی پایا جاتا ہے۔ یہ کیکٹس کی خاص علامت ہے کہ جہاں بھی تکلیف ہو وہاں تشنج ضرور ہوگا۔ (صفحہ:177)

تشنج

بیلاڈونا۔ ایپس

بیلا ڈونا کی ایک علامت ٹانگوں میں Cramps یعنی اینٹھن کا رجحان بھی ہے۔ بیلا ڈونا میں تشنج سر کو پیچھے کی طرف کھینچتا ہے۔ بیلا ڈونا کی طرح ایپس میں بھی گرمی کی شدت اور سوجن کی علامات پائی جاتی ہیں۔ بیلا ڈونا اور ایپس میں فرق یہ ہے کہ بیلا ڈونا میں چونکہ ماؤف حصہ کے علاوہ باقی جسم ٹھنڈا ہوتا ہے اس لئے مریض گرم ہونا چاہتا ہے اور اپنے آپ کو گرم کپڑوں میں لپیٹتا ہے۔ ایپس میں مریض کا سارا جسم جلتا ہے اور اسے کسی قسم کی گرمی برداشت نہیں ہوتی بلکہ اگر ایسے مریض کو آگ کے سامنے بٹھا دیا جائے تو تشنج شروع ہو جاتا ہے۔ (صفحہ:141)

اگر اعصاب میں بے چینی اور عضلات میں تشنج پیدا ہو جائے تو کالی فاس سے زیادہ میگنیشیا فاس کی طرف دھیان جانا چاہئے لیکن کالی فاس بھی تشنج پیدا کرتی ہے اور ہومیو پیتھک یا بائیو کیمک صورت میں استعمال سے تشنج کو دور کرتی ہے۔ اس کا تشنج زیادہ تر دھڑ کے نچلے حصہ سے تعلق رکھتا ہے۔ عموماً رانوں، پنڈلیوں یا پاؤں میں تشنج کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ میگ فاس کا تشنج جسم کے ہر حصہ سے تعلق رکھتا ہے اور بعض دفعہ انتڑیاں بھی اس سے متاثر ہوتی ہے۔ (صفحہ:509)

کیڈمیم میں تشنج بھی پایا جاتا ہے اور زنک کی طرح اس کا اثر عضلات پر ظاہر ہوتا ہے۔ زنک کا مریض متاثرہ عضو کو ہر وقت حرکت دیتا رہتا ہے اور اپنا ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر ملتا رہتا ہے یا ٹانگ ہلاتا رہتا ہے۔ کیڈمیم کا مریض جسم میں ہر جگہ بے چینی تو محسوس کرتا ہے مگر زنک کی طرح متحرک نہیں رہتا۔ (صفحہ:182)

فم رحم کا تشنج

کولوفائیلم۔ سیکیل کار

اگر بچہ کی پیدائش کے وقت دردیں رحم کی طرف منتقل ہونے کی بجائے دونوں رانوں کے اندر کی طرف یا ران کے پیچھے کی طرف عرق النساء (Sciatica) کے اعصاب کے خطوط پر اتریں اور رحم کی گردن میں تشنج ہو تو کولوفائیلم بہترین ثابت ہوتی ہے۔ سیکیل کار بھی فم رحم کے تشنج کی دوا ہے لیکن اس کا تشنج کولوفائیلم کے تشنج سے بہت زیادہ سخت ہوتا ہے۔ اور سیکیل کی دوسری علامتیں اسے کولوفائیلم سے واضح طور پر جدا کر دیتی ہیں۔ (صفحہ:262,261)

اعصاب اور عضلات پر تیزابیت کا اثر

میورٹیک ایسڈ۔ایسڈ فاس

جن مریضوں میں ہومیو پیتھک میورٹیک ایسڈ کی ضرورت پڑتی ہے ان کے اعصاب اور عضلات تیزابیت سے خواہ کتنا ہی متاثر ہو جائیں، ان کا دماغ بالکل صاف اور ٹھیک رہتا ہے لیکن ایسڈ فاس جن مریضوں میں کارگر ثابت ہوتا ہے ان کی علامتیں میورٹیک ایسڈ کے برعکس ہوتی ہیں۔ میورٹیک ایسڈ میں جسم پہلے بگڑتا ہے۔ دماغ کی سب سے آخر پر باری آتی ہے جبکہ ایسڈ فاس کے مریضوں کی دماغی علامتیں پہلے بگڑتی ہیں اور ذہنی کمزوری کے نتیجہ میں جسمانی بیماریاں بعد میں پیدا ہوتی ہیں۔ مریض کی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت مفلوج ہو جاتی ہے، دماغی طاقت رفتہ رفتہ کم ہونے لگتی ہے اور یادداشت خراب ہو جاتی ہے۔ اس قسم کی علامتیں کچھ عرصہ کے بعد آہستہ آہستہ عضلاتی کمزوریوں میں تبدیل ہونے لگتی ہیں۔ ایسڈ فاس کا مریض عضلاتی مریض بننے میں بہت وقت لیتا ہے۔ اگر اس دوا سے اس کی دماغی علامات کا علاج جلد کیا جائے تو عضلات پر بداثر پڑنے گا ہی نہیں۔

(صفحہ:608,607)

معدے کی تیزابیت

آئرس ٹینیکس۔آئرس ورسیکولر

آئرس ٹینیکس Iris Tenax، آئرس ورسیکولر (Iris Versicolor) سے ملتی جلتی دوا ہے لیکن دونوں میں فرق بھی ہے اور دونوں کی اپنی اپنی الگ خصوصیات بھی ہیں۔ آئرس ورسیکولر معدے کی کھٹاس اور تیزابیت کی بہترین دوا ہے جبکہ آئرس ٹینیکس میں معدے کی کھٹاس تو پائی جاتی ہے لیکن اس تکلیف کے ساتھ گلے اور منہ میں بھی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ آئرس ٹینیکس اپنڈے سائٹس (Appendicitis) کی بہترین دوا سمجھی جاتی ہے۔ لہٰذا اس کے فوائد کو محض اسی تکلیف تک محدود کر دیا گیا ہے۔ حالانکہ یہ روزمرہ کی عام تکلیفوں میں بھی ایک کارآمد دوا ہے۔

(صفحہ:479)

جریان خون

کالی کارب۔اینٹی مونیم کروڈ

کالی کارب جریان خون کی بھی بہترین دوا ہے اور ہر قسم کے جریان خون میں مفید ہے۔ اگر انتڑیوں میں زخموں میں داغ ہوں تو بعض اوقات ان کی وجہ سے اجابت کے ساتھ خون آنے لگتا ہے۔ یہ علامت اینٹی مونیم کروڈ میں بھی پائی جاتی ہے لیکن فرق یہ ہے کہ اس میں کالی کارب کی طرح نرم اجابت نہیں بلکہ سخت اجابت ہوتی ہے۔ بعض اوقات کالی کارب میں بھی سخت قبض کی علامت پائی جاتی ہے جس کے ساتھ خون کی آمیزش بھی ہوتی ہے لیکن یہ عام دستور نہیں۔

(صفحہ:496)

جریان خون

ملی فولیم۔ایلو پیتھک دوائیں

جن لوگوں میں جریان خون کا رجحان ہو اگر انہیں آپریشن سے پہلے ملی فولیم کی ایک ہزار طاقت میں ایک خوراک دے دی جائے تو وہ آپریشن کے دوران پیدا ہونے والی جریان خون کی پیچیدگیوں سے محفوظ رہیں گے۔ ملی فولیم کی ایک اور خوبی یہ ہے کہ یہ خون کو جمنے نہیں دیتی اور Clot نہیں بنتے۔ وہ ایلو پیتھک دوائیں جو خون کے جریان کو روکنے کے لئے استعمال ہوتی ہیں عموماً خون کو گاڑھا کر دیتی ہیں جبکہ ہومیو پیتھک دوائیں خون کو صحتمند رکھتے ہوئے بہنے سے روکتی ہیں۔ ملی فولیم اس لحاظ سے بہت اچھی دوا ہے اور جریان کو روکتی ہے مگر خون بے ضرورت گاڑھا نہیں کرتی۔

(صفحہ:602)

جسم ٹھنڈا ہونا

کیمفر۔ وریٹرم البم

کیمفر میں اسہال کی نسبت قے کا زیادہ رجحان ہوتا ہے۔ اسہال تھوڑے تھوڑے آتے ہیں اور ان کے ساتھ کمزوری اور تشنج ضرور ہوتے ہیں۔ اگر اسہال اور الٹیاں بہت زیادہ ہوں اور تشنج پنڈلیوں پر اثر کرے تو وریٹرم البم (Veratrum Album) چوٹی کی دوا ہے۔ دونوں دواؤں میں جسم ٹھنڈا ہوتا ہے لیکن وریٹرم البم میں صرف پیشانی پر ٹھنڈا پسینہ آتا ہے۔

(صفحہ:220)

کیمفر میں جسم ٹھنڈا ہونے کے باوجود پسینہ میں تربتر ہوتا ہے لیکن مریض جسم پر کپڑا اوڑھنا برداشت نہیں کرتا، اندرونی گرمی کے شدید احساس کی وجہ سے بعض دفعہ کپڑے بھی اتار پھینکتا ہے۔ جسم پر کپڑا برداشت نہ کرنے کی علامت سیکیل (Secale Car) میں بھی پائی جاتی ہے۔ لیکن فرق یہ ہے کہ سیکیل کا مریض گرمی محسوس کرتا ہے اور اس کا جسم بھی گرم ہوتا ہے۔ کیمفر کا مریض باوجود ٹھنڈا ہونے کے کپڑا نہیں لیتا۔ کیمفر کی علامتیں ...... کیمومیلا سے بھی ملتی ہیں۔ کیمومیلا کا مریض غصیلا اور غیر مطمئن ہوتا ہے۔ کوئی چیز مانگے تو لے کر پرے پھینک دیتا ہے۔ اگر ایسے مریض کیمومیلا کا نمایاں مزاج نہ رکھتے ہوں تو پھر کیمفر سے ان کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ (صفحہ:218)

لیکس انسانی جذبات پر بھی اثر انداز ہونے والی دوا ہے۔ اگر اچانک غم کی کوئی خبر ملے یا مریض کسی وجہ سے جذباتی ہو جائے تو دل کی رفتار ہلکی ہو جاتی ہے۔ جسم پر پسینہ آجاتا ہے۔ سرگرم اور پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ اگر پاؤں ٹھنڈے ہوں اور لیکس کی معمول کی علامتیں بھی پائی جائیں تو اس کی ایک خوراک ہی جادو کا سا اثر دکھاتی ہے۔ سردی سے سخت کانپتا ہوا مریض جو تہ بہ تہ لحاف میں لپٹا ہوا ہو اور اس کے پاؤں ناقابل برداشت حد تک ٹھنڈے ہوں، دوا دینے کے چند منٹ بعد ہی یوں محسوس کرتا ہے کہ یکدم گرمی کی لہریں جسم میں اوپر سے نیچے کی طرف سرایت کر گئی ہیں۔ سورائینم میں بھی یہ خوبی پائی جاتی ہے لیکن فرق یہ ہے کہ سورائینم کے مریض کا سارا جسم ہمیشہ ٹھنڈا رہتا ہے۔ سورائینم کے مریض گرمیوں میں بھی اپنے آپ کو ڈھانپ کر رکھتے ہیں۔ ان کی جلد سیاہی مائل ہو جاتی ہے۔ اخراجات میں بدبو پائی جاتی ہے لیکن لیکس میں یہ علامتیں نہیں ہوتیں اس میں کسی بوجھ، اچانک پریشانی یا ویسے ہی کبھی کبھی مریض میں کمزوری سے اس کا بدن یکدم ٹھنڈا ہو جاتا ہے لیکن سرگرم ہی رہتا ہے۔

(صفحہ:546,545)

جلد کی زود حسی

لیک کینائینم۔لیکس

لیک کینائینم میں جلد کی شدید زود حسی پائی جاتی ہے۔ عموماً عورتوں میں یہ زود حسی نمایاں ہوتی ہے اور وہ پانچوں انگلیاں پھیلا کر رکھتی ہیں۔ اگر اتفاقاً ایک انگلی دوسرے سے لگ جائے تو چلا اٹھتی ہیں۔ کپڑے کا ہلکا سا لمس بھی برداشت نہیں کر سکتیں۔ لیکس میں بھی یہ زود حسی پائی جاتی ہے اور بعض دفعہ یہ دونوں ایک دوسرے کی متبادل دوائیں بن جاتی ہیں۔ لیکس اور لیک کینائینم میں ایک اور مشترک بات یہ ہے کہ دونوں کے مریضوں کے احساسات بہت تیز ہو جاتے ہیں اور وہ خیالی چیزوں سے بھی خوف کھانے لگتے ہیں۔ اس قسم کی علامات ملنے کے باوجود دونوں میں فرق بھی نمایاں ہیں۔ لیک کینائینم کا مریض اکیلا نہیں رہ سکتا جبکہ لیکس کا مریض تنہائی چاہتا ہے۔ لیکس کی تکلیفیں نیند کے بعد بڑھتی ہیں اور بائیں طرف سے دائیں طرف حرکت کرتی ہیں۔ (صفحہ:526)

جلنے کی تکالیف

کینتھرس۔رسٹاکس

کینتھرس ایک زہریلی مکھی ہے۔ اس مکھی کے کاٹنے سے سخت جلن پیدا ہوتی ہے۔ ہومیو پیتھی میں اس کے زہر کو جلنے کی تکالیف دور کرنے کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے چھالے بہت بڑے نہیں ہوتے۔ بڑے چھالوں میں رسٹاکس کینتھرس سے بہتر کام کرتی ہے۔ رسٹاکس میں بھی بہت جلن ہوتی ہے۔ اگر آگ نے سارے بدن کو متاثر کر دیا ہو تو رسٹاکس 1000 طاقت میں چند بار دینے سے جلنے کی غیر معمولی تکلیف میں بہت جلد کمی آجاتی ہے۔ (صفحہ:229)

جھٹکے لگنا

ایکٹیا ریسی موسا (سی می سی فیوجا)۔ایگریکس

ایکٹیا ریسی موسا (سی می سی فیوجا) کی نمایاں علامت بھی جھٹکے لگنا ہے لیکن بنیادی فرق یہ ہے کہ ایکٹیا میں مریض جس کروٹ لیٹے اسی کروٹ جھٹکے لگتے ہیں جبکہ ایگریکس میں سارا جسم کانپتا ہے۔ رعشہ اور تشنج دونوں میں ملتے ہیں۔ آنکھیں بھی لرزتی اور ڈولتی رہتی ہیں اور نظر ایک جگہ نہیں ٹکتی۔ (صفحہ:29)

جسم کو جھٹکے لگنا

بیلاڈونا۔گرائنڈیلیا

بیلاڈونا میں بھی جسم کو جھٹکے لگنے کی علامت پائی جاتی ہے۔ گرائنڈیلیا میں سارے جسم کو جھٹکا نہیں لگتا بلکہ محسوس ہوتا ہے کہ دل کو جھٹکا لگا ہے۔ بیلاڈونا میں تمام جسم اچانک لرز اٹھتا ہے اور اسی جھٹکے سے مریض کی آنکھ کھل جاتی ہے اور بار بار ایسا ہوتا ہے، مریض سو نہیں سکتا۔ بیلاڈونا کی ایک خوراک دینے سے ہی بعض اوقات تکلیف فی الفور ختم ہو جاتی ہے۔

(صفحہ:134)

مخصوص اعضا کا ہیجان

گریشولا۔ٹیرینٹولا

گریشولا بائیں طرف کی بیماریوں کی دوا ہے۔ اس میں جنسی اعضا کا ہیجان اگرچہ ٹیرینٹولا سے ملتا جلتا ہے مگر ٹیرینٹولا کی تکلیفیں دائیں طرف زور دکھاتی ہیں اور گریشولا کی بائیں طرف۔ یہ تکلیفیں جامد ہوتی ہیں، لیکس کی طرح بائیں سے دائیں طرف حرکت نہیں کرتیں۔

(صفحہ:414)

عضلات میں جھٹکے لگنا

کیوپرم میٹیلیکم۔سیمی سی فیوجا

بعض دفعہ دماغ کے خون کی شریانوں میں تشنج علامات ظاہر ہو جاتی ہیں جن کے نتیجہ میں مریض بے سروپا باتیں کرتا ہے، حافظہ بالکل جواب دے جاتا ہے۔ ہذیان کے علاوہ بے ہوشی بھی ہوتی ہے۔ عضلات میں جھٹکے لگتے ہیں اور تشنج ہوتا ہے۔ پٹھے پھڑکتے ہیں، مریض جس کروٹ لیٹتا ہے اس کے مخالف سمت جھٹکے لگنے لگتے ہیں۔ سیمی سی فیوجا میں جس کروٹ لیٹا جائے وہی پہلو پھڑکنے لگتا ہے۔ اگر بے ہوشی کے ساتھ سارا جسم تن جائے جیسا کہ مرگی کے دوروں میں ہوتا ہے تو یہ کیوپرم کی خاص علامت ہے لیکن اگر عمومی بے ہوشی ہو اور جسم کا صرف ایک حصہ پھڑک رہا ہو اور دوسرا بالکل ٹھیک ہو اور سارے جسم میں تناؤ کی کیفیت نہ ہو تو وہ کیوپرم کا مریض نہیں۔

(صفحہ:342,341)

جسم پر مچھلی کی طرح چانے

سورائینم۔آرسینک

لیوپس (Lupus) کی قسم کی ایک اور جلدی بیماری ہے جس میں سارے جسم پر مچھلی کی طرح چانے بننے لگتے ہیں۔ اس میں سورائینم ایک ہزار یا آرسینک

(باقی صفحہ 5 پر)

مکرم محمد احمد فہیم صاحب

مولوی فضل کریم صاحب تبسم کا ذکر خیر

مکرم مولوی فضل کریم صاحب تبسم اپنا تعلق راجوری (انڈیا کشمیر) سے بتایا کرتے تھے۔ آپ کوئی سال تک سیرالیون میں بطور مربی سلسلہ خدمات بجا لانے کا موقع ملا جہاں (Yellow Fever) کا اٹیک ہوا جو ایک مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے۔ کئی ماہ تک آپ ہسپتال میں زیر علاج رہے۔ سارے جسم کے خون کو تبدیل کیا گیا۔ جس سے صحت یاب تو ہو گئے۔ لیکن آپ کی قوت سماعت اس سے متاثر ہوگئی اسی طرح زبان میں بھی لکنت آ گئی کہ بولتے وقت بات کی واضح سمجھ نہ آتی تھی اور بات کو بغور سننا پڑتا تھا۔ اس کے باوجود خدمت کا جذبہ تادم آخر رہا کئی سال تک نظارت اشاعت میں خدمات کی توفیق پائی اور تحقیق ومسودات کی پروف ریڈنگ وحوالہ جات کی تلاش عمیق نظر اور تندہی سے کرتے۔ اس بیماری کے بعد زبانی دعوت الی اللہ تو نہیں کر سکتے تھے لیکن اس شعبہ کے ذریعہ سے قلمی جہاد کی گرانقدر خدمات بجا لانے کا اعزاز حاصل رہا۔

1993-94ء میں چند ماہ خاکسار کو دفتر اشاعت میں خدمت بجالانے کا موقع ملا تو آپ کے ساتھ ایک گہرا تعلق بن گیا تھا۔ جب بھی بازار یا راہ چلتے ملتے تو بڑے تپاک سے حال احوال دریافت کرتے۔ آپ کی طبیعت میں مزاح اور شگفتگی تھی۔ اپنی وفات سے چند ماہ قبل ملے تو ہنس کر کہنے لگے کہ ”ابھی میں فوت نہیں ہوا زندہ ہوں“ یعنی نہ ملنے کا گلہ کیا اور جب وفات پائی تو بغیر ملے ہی اللہ کو پیارے ہوگئے۔

تحقیق کے کام کی وجہ سے آپ کو حوالہ جات کی تخریج وتکمیل وتلاش میں ملکہ تھا۔ کوئی حوالہ دریافت کیا جاتا چند لمحوں میں بتا دیتے کہ فلاں کتاب دیکھ لو یا فلاں جگہ سے مدد مل سکتی ہے۔ دوران کام پوری توجہ سے کام میں مشغول رہتے لیکن جب تھک جاتے تو تفریح کے طور پر کوئی مزاحیہ یا سبق آموز شعر یا فقرہ لکھ کر کاغذ اپنے ساتھ والے کے آگے رکھ دیتے جس سے تھوڑی دیر کے لئے سب کے چہرے شگفتہ ہو جاتے اور پھر کام میں مشغول ہو جاتے۔

آپ مضبوط کسرتی جسم کے مالک تھے۔ جامعہ دور میں بھی کبڈی کے اچھے کھلاڑی رہے۔ زیادہ تر پیدل یا سائیکل پر ہی چلتے پھرتے نظر آتے۔ ایک دفعہ سیرالیون میں قیام کا واقعہ سنانے لگے کہ میں ایک احمدی دوست کے ساتھ کافی ساری چندے کی رقم کہیں جمع کرانے کے لئے جا رہا تھا کہ دو چور اُچکے افریقی باشندے رقم کی خبر پا کر پیچھے لگ گئے اور رقم کا تھیلا ہاتھ سے چھیننا چاہا تو آپ نے ڈٹ کر ان کا مقابلہ کیا اور قطعاً کوئی کمزوری یا بزدلی نہ دکھائی حتیٰ کہ ان کو بھاگنا پڑا اور اس طرح جماعت کی امانت کی آپ نے حفاظت کی اور اپنی جان کی بھی پرواہ نہ کی۔

آپ کا زیادہ تر وقت بیت الذکر میں ہی گزرتا۔ بعض اوقات بیت الذکر میں ہی سو جاتے۔ اسی طرح جہاں چلتے پھرتے نماز کا وقت آ جاتا پڑھ لیتے کبھی بیت مہدی اور کبھی بیت بلال میں نماز باجماعت کی پابندی کرتے۔ خاکسار کی رہائش چھ سات سال دارالنصر غربی حلقہ اقبال میں رہی۔ مولوی صاحب کی روٹین تھی کہ اکثر اوقات رات کو بیت الذکر میں ہی آ جاتے اور خادم بیت الذکر کے ساتھ ہی مل کر کھانا کھاتے اور بعض اوقات رات بیت الذکر میں ہی سو جاتے۔ ایک مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد بیٹھے تو سنانے لگے کہ ”اللہ تعالیٰ کی خاطر دین کی خدمت کرنے والے کو اللہ کبھی ضائع نہیں کرتا میرا اس پر ایمان ہے“ اور پھر یہ واقعہ سنایا کہ میں پنجاب کے کسی گاؤں میں دعوت الی اللہ کے لئے گیا۔ رات بیت الذکر میں ٹھہرا۔ سخت بھوک کی حالت تھی لیکن کسی نے کھانے کو نہ پوچھا اسی حالت میں لیٹ گیا۔ تھوڑی دیر گزری کہ دروازہ کھٹکا ایک آدمی ہاتھ میں ٹرے لئے کھڑا تھا جس میں تازہ روٹیاں اور گرم گرم گوشت کا سالن تھا، میں نے کھایا اور خدا کا شکر ادا کیا برتن ایک طرف رکھ دیئے لیکن پھر وہ آدمی نظر نہیں آیا اور نہ ہی برتن لینے آیا تو اس طرح خدا تعالیٰ کی طرف سے آپ کی مہمان نوازی کا سامان پیدا ہو گیا۔

آپ کی طبیعت میں سادگی تھی۔ دل گھر میں نہیں لگتا تھا۔ ویسے بھی اہل وعیال سے محروم تھے۔ تنہا زندگی گزار دی اس لئے زیادہ وقت باہر ہی گزار دیتے کئی دفعہ بتایا کہ تہجد کے نوافل کے لئے آنکھ کھلی نفل پڑھے اور منہ اندھیرے ہی خیال آیا کہ بہشتی مقبرہ دعا کے لئے چلتے ہیں اسی وقت چل دیئے۔ کئی مرتبہ فضل عمر ہسپتال میں ملاقات ہوئی کہ کبھی کسی مریض کا حال پوچھتے کبھی کسی کارکن سے کھڑے حال احوال پوچھ رہے ہوتے اور کبھی کسی دکاندار سے خیر خیریت پوچھ رہے ہوتے۔ دوسروں کا غم بٹاتے تھے۔ بے غرض طبیعت تھی۔ کسی کو دکھ نہ دینے والی، موجودہ دور کے حسدوں سے آزاد۔ کبھی روپیہ پیسہ نہ جمع کیا اور نہ لالچ آیا۔ جتنا پاس ہوا خرچ لیا۔ درویشانہ زندگی گزاری کوارٹر کے ہوتے ہوئے بھی لگتا تھا کہ آپ کا کوئی ٹھکانہ نہیں۔ آخری وقت ہمیشہ سفر کے لئے تیار نظر آتے جہاں دل میں آیا ٹھہر گئے۔ وفات سے ایک دو سال قبل دل کے مریض بن گئے تھے۔ پھر بھی جب ملتے خوش ہو کر حال پوچھتے اور اپنا حال پوچھنے پر الحمدللہ کہہ دیتے۔ باوجود طبیعت کے خراب ہونے کے حوصلہ بلند رکھتے۔ ہسپتال سے ایک دفعہ ٹیسٹ کروایا تو پتہ چلا کہ خون کی کمی ہے مجھے کہنے لگے کہ ”ڈاکٹروں کی سمجھ نہیں آتی ساتھ کہتے ہیں خون کم ہے اور بلڈ پریشر چیک کرتے ہیں تو کہتے ہیں زیادہ ہے“ اور پھر خوب ہنسے۔

یہ سادہ دل بزرگ 18 مئی 2007ء کو اس دارفانی سے رخصت ہوئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے اور آپ کی خدمات دینیہ کو قبول فرمائے۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔

لائی حیات آئے، قضا لے چلی چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے
دنیا نے کِس کا راہِ فنا میں دیا ہے ساتھ
تم بھی چلے چلو یونہی جب تک چلی چلے

(بقیہ صفحہ 4)

ایک ہزار طاقت میں دینی چاہئے۔ سورائینم اور آرسنک میں بنیادی فرق یہ ہے کہ سورائینم کے مریض کے اخراجات میں شدید بدبو پائی جاتی ہے اور یہ بدبو بہت نمایاں ہوتی ہے۔ اگر کسی معین بیماری کے بغیر ہی منہ، بغلوں یا پاؤں سے سخت بو آتی ہو تو رس گلابرا 6x میں بہت اچھا کام کرتی ہے۔ (صفحہ:452)

چکر

کاکولس۔بیلاڈونا

کاکولس کی بعض علامتیں بیلاڈونا سے ملتی ہیں۔ بیلاڈونا میں بھی چکر آتے ہیں جو اچانک حرکت سے بڑھ جاتے ہیں لیکن بیلاڈونا میں خون کے دباؤ میں کمی بیشی کی وجہ سے چکر آتے ہیں۔ دونوں دواؤں میں معمولی سا شور اور جھٹکا بھی ناقابل برداشت ہوتا ہے۔ بے خوابی اور دیگر ذہنی تناؤ بھی دونوں میں مشترک ہے۔ تاہم یہ دونوں دوائیں ایک دوسرے سے مشابہ ہیں البتہ کاکولس میں بیلاڈونا کے برعکس مریض کا چہرہ بالکل عام سے رنگ کا ہوتا ہے اور چہرے کی طرف خون کا غیر معمولی رجحان دکھائی نہیں دیتا۔

(صفحہ:310)

کونیم کی بہت سی علامتیں کاکولس سے ملتی ہیں۔ دونوں میں چکر پائے جاتے ہیں لیکن دونوں کے چکروں میں یہ فرق ہے کہ کونیم میں لیٹے لیٹے چکر محسوس ہوتے ہیں اور سارا بستر گھوم جاتا ہے۔ جبکہ کاکولس میں چکر عموماً اٹھنے یا چلنے پر آتے ہیں۔

(صفحہ:328,327)

کیلیڈیم کے مریض کو چکر بھی آتے ہیں۔ آنکھیں بند کرنے سے چکروں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ کونیم میں چکروں کی علامت اس سے بالکل برعکس ہوتی ہے اور چکر آنکھیں کھولنے سے بڑھتے ہیں۔ لیٹنے اور آنکھوں کو حرکت دینے سے بھی چکر آنے لگتے ہیں۔ ایسے چکروں میں کونیم اکیلی فائدہ نہیں دیتی بلکہ کاکولس کے ساتھ ملا کر دینے سے چکروں کی بہت طاقتور دوا بن جاتی ہے۔ ان دونوں میں حرکت سے تکلیف بڑھتی ہے۔ (صفحہ:186)

لیک ڈیف کے مریض کو ہاتھ اونچا کرنے سے بھی چکر آتے ہیں۔ اس کے سر کے چکر کونیم (Conium) سے مشابہ ہیں۔ کونیم میں لیٹ کر ذراسی کروٹ بدلتے ہوئے یا آنکھ کی حرکت سے بھی چکر آتے ہیں اور یوں معلوم ہوتا ہے جیسے بستر گھوم گیا ہے۔ لیک ڈیف میں بھی یہی کیفیت ہوتی ہے۔ جبکہ لیک کینائینم میں چلتے ہوئے چکر آتے ہیں مگر مریض کو محسوس ہوتا ہے کہ ساری کائنات بہت لطیف انداز سے گھوم رہی ہے اور وہ پریوں کے دیس میں چلا گیا ہے۔ لیک ڈیف میں یہ عجیب کیفیت ہوتی ہے کہ وقت مزے کے احساس کے ساتھ لمبا ہوتا جاتا ہے۔ حالانکہ خوشی اور مزے کے دور میں لمحے سکڑ جایا کرتے ہیں اور وقت بہت تیزی سے گزرتا ہے۔

(صفحہ:535,534)

چھالے

ڈلکامارا۔آرسینک

ڈلکامارا اندرونی جھلیوں اور بیرونی جلد میں ناسور پیدا ہونے کا بھی علاج ہے۔ چہرے کی جلد پر ایگزیمے کی قسم کے زخم بن جاتے ہیں جو تیزی سے پھیل جاتے ہیں اور زرد رنگ کے کھرنڈ بنتے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے چھالے گچھوں کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں جو بہت جلد پھیلتے ہیں۔ یہ علامت آرسینک میں بھی بہت نمایاں ہے لیکن دونوں کے مریض بالکل الگ مزاج رکھتے ہیں۔ آرسینک میں گینگرین پیدا کرنے کا رجحان ہے جبکہ ڈلکامارا میں زخم گینگرین میں تبدیل نہیں ہوتے۔ (صفحہ:364)

چہرے کے اعصابی درد

گائیکم۔سپائی جیلیا۔سلیشیا۔میگ فاس

گائیکم چہرے کے اعصابی دردوں سے بھی اس کا تعلق ہے۔ گائیکم میں چہرے کے ایک طرف اعصابی درد ہوتا ہے جیسے چٹکی بھری گئی ہو۔ یہ درد بہت تکلیف دہ ہوتا ہے۔ سپائی جیلیا چہرے کے بائیں طرف کے اعصابی دردوں میں اور سلیشیا اور میگ فاس دائیں طرف کے دردوں میں بہت مفید دوائیں ہیں۔

(صفحہ:419)

پیغام رساں کبوتر

اسلامی حکمرانوں میں سب سے پہلے سلطان نور الدین زنگی نے 576 ہجری میں قاصد کبوتروں سے کام لینے کا فیصلہ کیا تا کہ وہ دشمن کے اچانک حملے کی صورت میں فوری کارروائی کر سکے۔ اس سلسلے میں سلطان نے ملک کے ہر حصے میں پیغام رساں کبوتروں کی چوکیاں قائم کیں اور ہر چوکی میں پرچہ نویس تعینات کئے۔ چنانچہ دشمن کی نقل وحرکت کا جب بھی پتہ چلتا تو یہ کبوتر ہی کام دیتے۔

مکرم نذیر احمد سانول صاحب

ہمدردی خلق کی پاکیزہ تعلیم

وہ لوگ جو دنیا میں بڑے اور صاحب کردار کہلائے انہوں نے اپنے عمل سچائی اور بنی نوع انسان کی خدمت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی دنیا پر اپنے انمٹ نقوش چھوڑ گئے ان کے کارنامے رہتی دنیا تک مشعل راہ ہیں یہی لوگ کامیابی وکامرانی کی سرخیل ہیں یہ وہ پاک اور مقدس ہستیاں ہیں جن کے نقش پا پر چلنے سے دلوں کو جیتا جا سکتا ہے۔ انہوں نے اپنی پاکیزہ تعلیم کے نہایت دلکش نمونے پیش کئے جن پر عمل کر کے آج بھی روح کی سکینت حاصل کی جا سکتی ہے۔ بعض ایسے امور ہوتے ہیں جن کا عقیدہ مذہب اور ایمان سے بالواسطہ تعلق نہیں ہوتا اور نہ ہی دلائل علم اور ڈگری سے ہوتا ہے نہ ہی ان میں اپنوں اور غیروں کا فرق ہوتا ہے نہ ہی ان کاموں میں تکلف بناوٹ اور ریا مطلوب ہوتا ہے۔ آیئے چند نمونے پڑھتے ہیں!

بڑھیا سے ہمدردی کی عظیم مثال

مشرکین مکہ نے عرب میں مشہور کر رکھا تھا کہ نعوذ باللہ حضرت محمد ﷺ لوگوں پر جادو کر کے بے دین بنا دیتے ہیں اس سے ڈر کر ایک مشرکہ بوڑھی عورت چھپ کر جا رہی تھی یہی ڈر اس کی ہدایت کا موجب ہو گیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع بیان فرماتے ہیں۔

حضرت اقدس محمد رسول اللہ ﷺ کے متعلق جو حدیث آتی ہے کہ حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کے متعلق بھی آپؐ کے دشمنوں نے، اہل مکہ نے ارد گرد یہی مشہور کر رکھا تھا کہ جادوگر ہے، قریب نہ جانا جادو چل جائے گا۔ چنانچہ ایک بڑھیا ایک دفعہ مکہ میں اس حال میں داخل ہوئی کہ وہ سخت ڈرائی گئی تھی اور ڈرتے کانپتے جا رہی تھی بہت سا بوجھ اٹھایا ہوا کہ میں جس بستی میں جا رہی ہوں یہاں تو ایک بہت بڑا جادوگر ہے، کہیں اس رستہ سے نہ گزروں جہاں سے وہ جادوگر گزرتا ہے۔ ہر رستہ چلتے سے یہ پوچھتی تھی کہ وہ ایک جادوگر ہے سنا ہے یہاں بہت خطرناک، اس کے جادو سے کوئی بچ نہیں سکتا۔ مجھے بتاؤ جس رستہ پہ میں جا رہی ہوں، جہاں میں نے جانا ہے اس رستہ میں تو نہیں وہ آتا کہیں؟ تو لوگ ہنستے تھے، مذاق کرتے اور بتا دیتے تھے یا نہیں بتاتے تھے۔ بہر حال یہ پوچھتی جا رہی تھی کہ اتنے میں ہمارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اس کو آتے ہوئے دکھائی دیئے۔ بڑھ کر بڑھیا نے ان سے یہ پوچھا کہ میں نے سنا ہے یہاں کوئی جادوگر بستا ہے اس کا جادو چل جاتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا بی بی! تم نے بوجھ بڑا اٹھایا ہوا ہے کمزور ہو، لاؤ مجھے اپنا سامان اٹھواؤ کہاں جانا ہے؟ میں تمہیں چھوڑ آتا ہوں اور اس بات کا جواب نہیں دیا جو اس نے سوال کیا تھا۔ جب اس کے گھر تک پہنچا دیا، اس کا بوجھ اس کے دروازے کے سامنے رکھ دیا تب فرمایا کہ دیکھو میں نے تمہارے سوال کا جواب اس لئے نہیں دیا کہ تم ڈر کر مجھے خدمت سے محروم نہ کر دو اور میں جانتا ہوں کہ تم بہت تھکی ہوئی تھی اور تم نے بہت بوجھ اٹھایا ہوا تھا اس لئے محض اس خاطر میں نے نہیں بتایا تھا وہ شخص جس کو جادوگر کہا جاتا ہے وہ میں ہوں۔ اس بڑھیا نے کہا پھر خدا کی قسم تیرا جادو چل گیا ہے، سچ کہتے تھے وہ کہ تیرے جادو کا کوئی توڑ نہیں۔

(خطبات عیدین ص196ء)

میرے دل پر چوٹ سی لگی

خدا تعالیٰ کے مقربین و محبوبین مخلوق خدا پر رحیم و کریم ہوتے ہیں۔ کسی کی تکلیف و دل آزاری ان سے برداشت نہیں ہوتی یہ سب کے خیر خواہ ہمدرد اور مددگار ہوتے ہیں ہمہ وقت لوگوں کی راہنمائی ہدایت اور بھلائی کا سامان کرتے رہتے ہیں۔ اپنے پاک افکار و کردار سے اپنے متبعین کو بھی اپنی تعلیم پر عمل پیرا ہونے کی عملی تلقین کرتے رہتے ہیں۔ دیکھئے درج ذیل واقعہ میں حضرت مسیح موعود اپنے آقا و مطاع ﷺ کی پیروی میں ایک بڑھیا کی مدد کس طریق پر کر رہے ہیں ہمارے لئے بھی اس میں ایک بہترین سبق ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

ایک مرتبہ میں باہر سیر کو جا رہا تھا کہ ایک پٹواری عبدالکریم میرے ساتھ تھا وہ ذرا آگے تھا اور میں پیچھے۔ راستہ میں ایک بڑھیا کوئی 70 یا 75 برس کی ضعیفہ ملی۔ اس نے ایک خط اسے پڑھنے کو کہا مگر اس نے اسے جھڑکیاں دے کر ہٹا دیا۔ میرے دل پر چوٹ سی لگی۔ اس نے وہ خط مجھے دے دیا۔ میں اس کو لے کر ٹھہر گیا اور اس کو پڑھ کر اچھی طرح سمجھا دیا۔ اس پر اسے سخت شرمندہ ہونا پڑا کیونکہ ٹھہرنا تو پڑا اور ثواب سے بھی محروم رہا۔

(ملفوظات جلد ہفتم ص106)

وہ فوت ہو گئے ہیں!

عبادالرحمان دنیا میں خدا تعالیٰ کی صفات کی عملی تفسیر ہوتے ہیں۔ بات کے سچے اور قول کے پکے ہوتے ہیں ہر ایک کو ان پر کامل اعتماد اور پختہ یقین ہوتا ہے بنی نوع انسان کی سچی خدمت کے لئے بیقرار رہتے ہیں معذوروں کا خیال تو اپنے بھی باقاعدگی سے نہیں کرتے انہیں لاوارث اور بے سہارا کر دیتے ہیں۔ ان کی جائیداد ہڑپ کر جاتے ہیں اور املاک پر قابض ہو جاتے ہیں درج ذیل واقعہ میں ایک نابینا ضعیف عورت کی گواہی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بلند کردار اعلیٰ اخلاق کا اعلان کر رہی ہے کہ جس طرح ہمارے پیارے آقا و مولیٰ ﷺ ایک ضعیف کمزور اور مشرکہ عورت کی باوجود برا بھلا کہنے جادوگر کہنے کے خدمت کرتے جا رہے ہیں بعینہ آپؓ بھی ایک ضعیفہ کی خاموش خدمت کرتے رہے اور اس واقعہ کی خود نابینا عورت ہی راوی ہیں۔

چنانچہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

ایک بڑھیا کا ذکر ہے کہ حضرت ابو بکر کی وفات کے روز بغیر اس کے کہ اس کو کسی نے خبر دی ہو خود بخود کہنے لگی کہ آج ابو بکر مر گیا ہے۔ لوگوں نے پوچھا کہ تجھ کو کس طرح سے معلوم ہوا۔ اس نے کہا کہ ہر روز مجھ کو آپ حلوا کھلایا کرتے تھے اور وہ وعدہ میں تخلف کرنے والے ہرگز نہ تھے چونکہ آج وہ حلوہ کھلانے نہیں آئے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ فوت ہو گئے ہیں ورنہ وہ ضرور مجھے حلوہ کھلانے آج بھی آتے۔

(ملفوظات جلد ہفتم ص375-376)

وہ اطمینان سے سو گئے

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ساری دنیا جانتی ہے۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے ایسا رعب عطا فرمایا تھا کہ تمام دشمنان خوف کے مارے بیدل ہو گئے تھے اور ہمیشہ ذہنی و قلبی سکون برباد کر چکے تھے اور یہ یقین کر بیٹھے تھے کہ آپؓ کے دل میں نرمی نہیں ہے۔ لیکن آپ کی سیرۃ پڑھنے سے سینکڑوں ایسے واقعات ملتے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپؓ بہت نرم دل مہربان اور شفیق تھے آپ کی سیرۃ میں ایک بوڑھی عورت کی خدمت کا واقعہ یوں آتا ہے۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

حضرت عمرؓ کو دیکھ لو ان کے رعب اور دبدبہ سے ایک طرف دنیا کے بڑے بڑے بادشاہ کانپتے تھے، قیصر و کسریٰ کی حکومتیں تک لرزہ براندام رہتی تھیں مگر دوسری طرف اندھیری رات میں ایک بدوی عورت کے بچوں کو بھوکا دیکھ کر عمرؓ جیسا عظیم المرتبت انسان تلملا اٹھا اور وہ اپنی پیٹھ پر آٹے کی بوری لاد کر اور گھی کا ڈبہ اپنے ہاتھ میں اٹھا کر ان کے پاس پہنچا اور اس وقت تک واپس نہیں لوٹا جب تک کہ اس نے اپنے ہاتھ سے کھانا پکا کر ان بچوں کو نہ کھلا لیا اور وہ اطمینان سے سو نہ گئے۔

(سیر روحانی حصہ 6 ص493)

حضرت حکیم مولوی نورالدین صاحب بھیروی (خلیفۃ المسیح الاول) بڑے مدبر، مفکر، عالم بے بدل طبیب اور خطیب تھے آپ چہرہ شناس اور زبردست معاملہ فہم تھے آپ کی ساری عمر مشاغل دین اشاعت توحید و پرچار حب رسول میں صرف ہوئی۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ اپنے پیشوایان کے طریق پر بندگان خدا کی دلداری و غمخواری فرمایا کرتے تھے۔ آپ لوگوں کی روحانی وجسمانی وایمانی ضروریات کا بے حد خیال فرماتے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اس سلسلہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

حضرت خلیفہ اول سنایا کرتے تھے کہ ایک بڑھیا تھی جو بڑی نیک اور عبادت گذار تھی۔ میں نے ایک دفعہ اس سے کہا کہ مائی مجھے کوئی خدمت بتاؤ۔ میں چاہتا ہوں اگر تمہاری کوئی خواہش ہو تو اس کو پورا کر کے ثواب حاصل کروں۔ وہ کہنے لگی، اللہ کا دیا سب کچھ ہے، مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں۔ میں نے پھر اصرار کیا اور کہا کہ کچھ تو بتاؤ۔ میری بڑی خواہش ہے کہ میں تمہاری خدمت کروں۔ وہ کہنے لگی۔ نورالدین! مجھے اور کیا چاہئے۔ کھانے کے لئے روٹی اور اوڑھنے کے لئے لحاف کی ضرورت ہوتی ہے اللہ تعالیٰ مجھے دو روٹیاں بھجوا دیتا ہے۔ ایک میں کھا لیتی ہوں اور ایک میرا بیٹا کھا لیتا ہے اور ایک لحاف ہمارے پاس موجود ہے جس میں ہم دونوں ماں بیٹا سو رہتے ہیں۔ میں ایک پہلو پر سوئے ہوئے تھک جاتی ہوں تو کہتی ہوں۔ بیٹا! اپنا پہلو بدل لے اور میں دوسرے پہلو پر لیٹ جاتی ہوں۔ اس کا ایک پہلو تھک جاتا ہے تو وہ مجھے کہتا ہے اور میں اپنا پہلو بدل لیتی ہوں۔ بس بڑے مزے سے عمر گزر رہی ہے اور کسی چیز کی کیا ضرورت ہے۔ میں نے پھر اصرار کیا۔ تو کہنے لگی اچھا۔ اگر تم بہت ہی اصرار کرتے ہو تو پھر مجھے ایک موٹے حرفوں والا قرآن لا دو۔ میری نظر اب کمزور ہو گئی ہے اور باریک حروف نظر نہیں آتے۔ موٹے حرفوں والا قرآن مل جائے تو میں آسانی سے قرآن پڑھ سکوں گی۔

(تفسیر کبیر سورۃ الشعراء جلد ہفتم ص17)

کینیڈا میں نئے مشنوں اور بیوت الذکر کی تحریک

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 20/ اپریل 1983ء کو احباب جماعت کینیڈا کے نام اپنے پیغام میں نئے مشن ہاؤسز اور بیوت الذکر کے قیام کے لئے آئندہ تین سال کے اندر اندر مبلغ چھ لاکھ ڈالرز پیش کرنے کی تحریک کی اور نیز حضور نے موجودہ مشن ہاؤس کو وسیع کرنے کی ہدایت کی۔

حضور انور کی تحریک پر جماعت کینیڈا نے فوری طور پر والہانہ لبیک کہا اور ایک ماہ کے اندر دو لاکھ ڈالرز سے زائد وعدہ جات موصول ہو گئے۔

(روزنامہ الفضل یکم جون 1983ء)

تحریک کے بعد اب تک مرکزی بیت الذکر ٹورانٹو کا عظیم منصوبہ شروع ہوا اور پایہ تکمیل کو پہنچا اس کے علاوہ غیر معمولی وسعت کے لحاظ سے مسی ساگا، کیلگری، اٹوا، ایڈمنٹن، سسکاٹون، وینکور، سینٹ کیتھرین، رجائنا، ہملٹن، ونڈسر اور مونٹریال میں مشن ہاؤسز خریدے یا تعمیر کئے جا چکے ہیں۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 87565 میں

Al Hassan K.Annan

ولد Kofi Annin قوم...... پیشہ ملازمت عمر 59 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19-11-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/270 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Al Hassan۔ گواہ شد نمبر 1 Nuhu Bin Mahdi۔ گواہ شد نمبر 2 فرید احمد حکیم

مسل نمبر 87566 میں Ishaque Mensah

ولد Suleman Mesnah قوم...... پیشہ ٹیچر عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 14-1-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔ Ishaque Mensah۔ گواہ شد نمبر 1 Alhassan Annan۔ گواہ شد نمبر 2 Nuhu Bin Mahdi

مسل نمبر 87567 میں

Muhammad Musah

ولد Musah Bin Yaqub قوم...... پیشہ فارمر عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21-1-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/50 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Muhammad Musah۔ گواہ شد نمبر 1 Musah Bin Yaqub۔ گواہ شد نمبر 2 Alhassan Kojo Annan

مسل نمبر 87568 میں

Muhammad Bin Ahmed

ولد Ahmed Tsibu قوم...... پیشہ ٹیچر عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 22-1-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/80 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Muhammad Bin Ahmed۔ گواہ شد نمبر 1 Musa۔ گواہ شد نمبر 2 Alhassan Kojo Annan

مسل نمبر 87569 میں

Sarah Nadia Azam

بنت Zia Rahman Azam قوم سید پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن U.S.A بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 13-8-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور مالیتی -/250 ڈالر۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 ڈالر ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ۔ Sarah Nadia Azam۔ گواہ شد نمبر 1 Rasheed Azam۔ گواہ شد نمبر 2 Zia Rahman Sayyed Azam

مسل نمبر 87570 میں Sarah Hondor

زوجہ Abubakar Hondor قوم...... پیشہ ٹریڈر عمر 55 سال بیعت 1974ء ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 14-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/900000 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ العبد۔ Sarah Hondor۔ گواہ شد نمبر 1 Abubakar Hondor۔ گواہ شد نمبر 2 راغب ضیاء الحق

مسل نمبر 87571 میں

Maryam Mohammad

زوجہ Baba Mohammad قوم...... پیشہ ٹریڈر عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 13-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/40 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ۔ Maryam Mohammad۔ گواہ شد نمبر 1 Abdul Raza۔ گواہ شد نمبر 2 راغب ضیاء الحق

مسل نمبر 87572 میں

Fatima Abbas Emma

زوجہ Abba Saddy قوم...... پیشہ ملازمت عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 16-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ برقبہ 50x80 مربع فٹ مالیتی -/3000 غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/80 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Fatima Abbas Emma۔ گواہ شد نمبر 1 Abbas Okai Addy۔ گواہ شد نمبر 2 Ahmad Boateng

مسل نمبر 87573 میں

Hajia Fadlia Ahmad

زوجہ Alhaj Ahmad Kassim قوم...... پیشہ کاروبار عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) پلاٹ مالیتی -/2000 غانین کرنسی (2) 2 عدد دوکانیں مالیتی -/1500 غانین کرنسی۔ اس وقت مجھے مبلغ -/160 غانین کرنسی ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ۔ Hajia Fadlia Ahmad۔ گواہ شد نمبر 1 Alhaj Ahmad Kassim۔ گواہ شد نمبر 2 Alhaj Ismail Kofi

مسل نمبر 87574 میں

Hajira Oselagyemang

زوجہ Muhammad Agyemang قوم...... پیشہ ٹیچر عمر 44 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6000 غانین کرنسی ماہوار بصورت ٹیچر مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ۔ Hajira Oseigyemnag۔ گواہ شد نمبر 1 راغب ضیاء الحق۔ گواہ شد نمبر 2 Ahmad Boateng

مسل نمبر 87575 میں

Ayesha.S.Ainooh

زوجہ Usman Ainooh قوم...... پیشہ کاروبار عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 31-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/70 غانین کرنسی ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ۔ Ayesha.S.Ainooh۔ گواہ شد نمبر 1 Usman Ainooh۔ گواہ شد نمبر 2 Ahmad Boateng

مسل نمبر 87576 میں

Nadrata Ishaque

زوجہ Abu Yusif Wahey قوم...... پیشہ ٹیچر عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2-2-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ۔ Nadrata Ishaque۔ گواہ شد نمبر 1 Ibrahim Ahmad۔ گواہ شد نمبر 2 Ahmad Boateng

مسل نمبر 87577 میں Alia

زوجہ Mujeeb Rahman Serenye قوم...... پیشہ ٹیچر عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 غانین کرنسی ماہوار بصورت ٹیچر مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Alia۔ گواہ شد نمبر 1 Ahmad Boateng۔ گواہ شد نمبر 2 Mujeeb Rahman.S

مسل نمبر 87578 میں

Fatima Tawia Ainooh

بنت Mahdi Ainooh قوم...... پیشہ فوٹو گرافر عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 24-1-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/50 غانین کرنسی ماہوار بصورت فوٹوگرافی مل رہے ہیں ۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی ۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے ۔ الامتہ۔ Fatima Tawia

Ainooh۔ گواہ شد نمبر 1 راغب ضیاء الحق۔ گواہ شد نمبر 2 Ahmad Boateng

مسل نمبر 87579 میں Raqeeb Majeed

ولد Alhaj Majeed Saeed قوم...... پیشہ طالب علم عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 16-1-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10 غانین کرنسی ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Raqeeb Majeed۔ گواہ شد نمبر 1 راغب ضیاء الحق۔ گواہ شد نمبر 2 Ahmad Boateng

مسل نمبر 87580 میں

Abdur Raheem Adam Attah

